# فجر اور عصر کے وقت صلاۃ الحاجات پڑھنا

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3459

تاریخ اجراء: 09 رجب المرجب 1446ھ / 10 جنوری 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

فجر اور عصر کے وقت صلاۃ الحاجات پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ جواب عطا فرمادیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

صلاۃ الحاجات ایک نفلی نماز ہے۔ اور چند اوقات ایسے ہیں، جن میں نوافل ادا کرنا منع ہے، جن میں سے فجر کا پورا وقت اور عصر کے فرض ادا کرنے کے بعد کا وقت بھی شامل ہے، اسی طرح آفتاب زرد ہونے سے غروب آفتاب تک کا وقت بھی شامل ہے۔ لہذا فجر کے پورے وقت میں یہ نماز نہیں پڑھ سکتے اور عصر کے فرض ادا کرنے کے بعد بھی نہیں پڑھ سکتے، ہاں! عصر کے فرضوں سے پہلے پڑھ سکتے ہیں، لیکن جب آفتاب زرد ہو جائے تو اس وقت اگر اس دن کی عصر کی نماز ابھی ادا نہیں کی تھی تو اس وقت میں وہ تو ادا کر سکتے ہیں لیکن اس وقت میں عصر کے فرضوں سے پہلے بھی نوافل ادا نہیں کر سکتے، لہذا اس وقت میں صلاۃ الحاجات بھی نہیں پڑھ سکتے۔

فتاوی ہندیہ میں ہے "منها ما بعد طلوع الفجر قبل صلاة الفجر۔۔۔ ومنها ما بعد صلاة الفجر قبل طلوع الشمس۔۔۔ ومنها ما بعد صلاة العصر قبل التغير" ترجمہ: جن اوقات میں فرضوں کے علاوہ نماز نوافل وغیرہ ادا کرنا مکروہ ہے، ان میں سے طلوع فجر کے بعد فجر کی نماز پڑھنے سے پہلے۔۔۔ اور انہی میں سے ہے فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے تک۔۔۔ اور ان میں سے ہے عصر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج کے متغیر ہونے سے پہلے۔ (فتاوی ہندیه، جلد 1، صفحه 52، 53، دار الفکر، بیروت)

ردالمحتار میں ہے "لأن ما بعد التغير ليس وقتا لأداء شيء من الصلوات إلا عصر يومه" ترجمہ: اس لیے کہ آفتاب زرد ہونے کے بعد کسی بھی نماز کا وقت نہیں ہے سوائے اس دن کی عصر کے۔ (ردالمحتار علی الدر المختار، ج 2، ص 67، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے: "بارہ (۱۲) وقتوں میں نوافل پڑھنا منع ہے۔۔۔(۱) طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک کہ اس درمیان میں سوا دو رکعت سنت فجر کے کوئی نفل نماز جائز نہیں۔۔۔(۳) نمازِ عصر سے آفتاب زرد ہونے تک نفل منع ہے۔" (بہار شریعت، ج 1، حصہ 3، صفحہ 455، 456، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net